بسم اللہ الرحمن الرحیم

# شرارتی بچوں کو حرامی کہنے کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

اکثر بچے شرارتیں بہت کرتے ہیں اور ان کے بڑے ان کو کہتے ہیں تو بہت بڑا حرامی ہے یہ کہنا کیسا؟

## جواب

حرامی کا لفظ بہت سخت گالی ہے، اور بلاوجہ شرعی کسی مسلمان کو گالی دینا، ناجائزوحرام اور گناہ ہے، نیز اس طرح کے الفاظ دل آزاری کا سبب بھی بنتے ہیں، اور بلاوجہ شرعی کسی مسلمان کو ایذا دینا حرام ہے، لہذا شرارتی بچوں کو حرامی، یا بہت بڑا حرامی کہنا ناجائز و گناہ ہے۔

بہار شریعت میں ہے "حرامی کا لفظ بھی بہت سخت گالی ہے اور حرام زادہ کے معنی میں ہے اس کا بھی حکم تعزیر ہونا چاہیے۔" (بہار شریعت، ج 2، حصہ 9، ص 409، مکتبۃ المدینہ)

**گالی دینے کے متعلق** صحیح بخاری شریف میں ہے "أن النبي صلی اللہ علیه وسلم قال: سباب المسلم فسوق" ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمان کو گالی دینا گناہ ہے۔ (صحیح البخاري، کتاب الایمان، ص 25، رقم الحدیث 48، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

مرقاۃ المفاتیح میں ہے "أي: شتمه۔۔۔ لأن شتمه بغیر حق حرام۔ قال الأکمل: الفسوق۔۔۔ شرعا هو الخروج عن الطاعة" ترجمہ: (سباب سے مراد) گالی دینا ہے، کیونکہ مسلمان کو ناحق گالی دینا حرام ہے۔ اور اکمل نے کہا کہ فسوق کا شرعی معنی اللہ پاک کی اطاعت سے نکلنا ہے۔ (مرقاۃ المفاتیح، کتاب الآداب، باب حفظ اللسان والغیبۃ والشتم، جلد 09، صفحہ 54، مطبوعہ: کوئٹہ)

سیدی اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فتاوی رضویہ میں ارشاد فرماتے ہیں: "کسی مسلمان جاہل کو بھی بے اذن شرعی گالی دینا حرام قطعی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں: سباب المسلم فسوق۔" (فتاوی رضویہ، ج 21، ص 128، 127، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

بلاوجہ شرعی کسی کو گالی دینا کیسا اس کے متعلق فتاوی رضویہ میں ہے "کسی مسلمان کو بلاوجہ شرعی ایذا دینا حرام ہے اور گالی دینا سخت حرام ہے اور بعض گالیاں تو کسی وقت حلال نہیں ہو سکتی اور ان کا دینے والا سخت فاسق اور سلطنت اسلامیہ میں اسی (80) کوڑوں کا مستحق ہوتا ہے، ان سے ہلکی گالی بھی بلاوجہ شرعی حرام ہے۔" (فتاوی رضویہ، ج 6، ص 538، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : ابوشاہد مولانا محمد ماجد علی مدنی

فتوی نمبر: WAT-5168

تاریخ اجراء : 14 محرم الحرام 1448ھ/30 جون 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net